بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا

اور اللہ کی رسی کو مل کر مضبوطی سے
تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو

مَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيهِ كَانَ اللّٰهُ فِي حَاجَتِهِ

جو شخص اپنے بھائی کی حاجت روائی میں
لگا رہے گا اللہ اسکی حاجت پوری کرے گا

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ



حضرت ابی ذرؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھ کو نصیحت فرمایئے آپ ﷺ نے فرمایا میں تجھ کو خدا سے ڈرنے کی نصیحت کرتا ہوں اس لیے کہ خدا سے ڈرتے رہنا تیرے سارے کاموں (دینی و دنیاوی) کی زینت و آراستگی کا باعث ہوگا میں نے عرض کیا کچھ اور فرمایئے آپ ﷺ نے فرمایا قرآن مجید کی تلاوت اور ذکر الٰہی کو ضروری قرار دے اس لیے کہ خدا تعالیٰ کا ذکر آسمان میں (فرشتوں کے درمیاں) تیرے ذکر کا موجب ہوگا یعنی آسمان کے فرشتے اور اللہ تعالیٰ تیرا ذکر کریں گے اور زمین میں معرفت کا سبب ہوگا میں نے عرض کیا کچھ اور فرمایئے آپ ﷺ نے فرمایا خاموشی کو اختیار کر اس لیے کہ خاموشی شیطان کو بھگاتی ہے اور امور دین میں تیری مددگار ہوتی ہے۔ کہ تو تنہائی میں خاموشی کے ساتھ غور و فکر کرتا رہے میں نے عرض کیا اور کچھ فرمایئے آپ ﷺ نے فرمایا زیادہ ہنسنے سے اپنے آپ کو بچا اس لیے کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے اور چہرے کی شگفتگی کو زائل کر دیتا ہے میں نے عرض کیا کچھ اور فرمایئے سچی بات کہہ اگرچہ وہ تلخ ہو۔ میں نے عرض کیا اور کچھ فرمایئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا دینی امور کے اظہار میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرو میں نے عرض کیا کچھ اور فرمایئے آپ ﷺ نے فرمایا جب کسی کی عیب گیری کا خیال تیرے دل میں پیدا ہو تو اس کے اظہار سے تجھ کو تیرا یہ خیال روک دے کہ مجھ میں بھی کچھ عیب ہیں (بیہقی مشکوٰۃ)

حضرت عبادہ بن صامتؓ کہتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے چھ باتوں کا میرے سامنے عہد کرو میں تمہارے لیے جنت کا ضامن بن جاؤں گا باتیں کرو تو سچ بولو۔ وعدہ کرو تو پورا کرو۔ تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو امانت کو پورا کرو۔ اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرو۔ نگاہ کو نیچا رکھو۔ اپنے ہاتھوں کو قابو میں رکھو (یعنی کسی پر ظلم نہ کرو) (احمد بیہقی مشکوٰۃ)



★ قرآن و سنت کی دعوت و تبلیغ و بالادستی
★ اتحاد و فلاح امت
★ اُمت سے فرقہ پرستی و تعصّبات کا خاتمہ

★ تعلیم مصطفیٰ ﷺ دعوت و تبلیغ پروگرام ★ شافع محشر ﷺ صحت پروگرام
★ عائشہ صدیقہؓ تعلیمی پروگرام (طالبات) ★ فاروق اعظمؓ تعلیمی پروگرام (طلبا)
★ عثمان غنیؓ کفالت پروگرام ★ علی المرتضیٰؓ لائبریری ★ مسجد النور ★

چک شاہ پور، جنڈیالہ شیر خان روڈ، شیخوپورہ۔ پاکستان

رابطہ نمبر: 0321-4110922
0300-5115922



تعلیم مصطفیٰ ﷺ کتب کے لیے سکین کریں۔